**Ben Sherman, Principal**
Mala Panday, *Assistant Principal*
Paul Seo, *Assistant Principal IA*

**46-21 Colden Street, Flushing, NY 11355**
Phone: (718) 353-0009
Fax: (718) 353-3772
www.ewsis.org

# ایسٹ - ویسٹ اسکول آف انٹرنیشنل اسٹڈیز
# کالج کی تیاری کا گوشوارۂ وقت

**فریشمن سال**

- ❑ تمام کورسز میں اچھی کارکردگی دکھا کر مضبوط تعلیمی صلاحیتیں تعمیر کریں
- ❑ محنت سے پڑھائی کریں اور عمدہ گریڈ حاصل کریں
- ❒ 80% یا اس سے زیادہ گریڈ پوائنٹ ایورج (GPA) حاصل کرنے کی اپنی بہترین کوشش کریں
- ❒ فریشمن سال میں کم از کم 5 افسانوی / غیرافسانوی کتابیں پڑھنے کی کوشش کریں
- ❒ اسکولی سرگرمیوں میں مصروف ہوں اور اجتمائی سرگرمیوں میں رضاکاری کریں
- ❒ اگلے چار سالوں کی منصوبہ بندی کرنے کے لیے اپنے رہنما مشیر سے ملیں
- ❒ اپنی سرگرمیوں، اعزازات، کام کا تجربہ اور تعلیمی ریکارڈ کے دستاویز رکھ کر اپنا طالبانہ ریزیومے بنانا شروع کریں
- ❒ کالج کے لیے رقم بچانا شروع کریں
- ❒ مضامین کے SAT امتحان کے لیے رجسٹر ہوں، اگر مناسب ہو
- ❒ جب چھٹیوں پر ہوں تو کالجوں کے دورے کرنے کا منصوبہ بنائیں

**سوفمور سال**

- ❑ ایک مضبوط تعلیمی ریکارڈ بنانا جاری رکھیں
- ❒ 85% یا اس سے زیادہ گریڈ پوائنٹ ایورج (GPA) حاصل کرنے کا تعلیمی ہدف قائم کریں
- ❒ غیرنصابی سرگرمیوں اور اجتمائی خدمت میں حصہ لینا جاری رکھیں
- ❒ سوفمور سال میں کم از کم 5 افسانوی / غیرافسانوی کتابیں پڑھنے کی کوشش کریں
- ❒ بطور سوفمور PSAT لینے کے بارے میں اپنے رہنما مشیر سے مشورہ کریں
- ❒ بطور سوفمور PSAT لینے کے بارے میں اپنے مشیر سے بات کریں
- ❒ اکتوبر میں PSAT لیں
- ❒ دسمبر میں PSAT کا نتیجہ موصول کریں
- ❒ www.collegeboard.org پر جائیں اور PSAT اسکور ملاحظہ کریں
- ❒ کالجوں، طرزِ معاش اور وظائف کے بارے میں انٹرنیٹ پر تحقیق کریں

- ❒ مضامین کے SAT امتحان کے لیے رجسٹر ہوں، اگر مناسب ہو
- ❒ اپنی طالبانہ ریزیومے کی تجدید کریں
- ❒ یونیورسٹیوں میں پیش کیے جانے والے گرمیوں کے تقویتی پروگراموں کی تحقیق کریں
- ❒ طرزِ معاش کی ایک تحقیق مکمل کریں

## جونئر سال

- ❒ اس سال محنت کرنے کے لیے تیار رہیں!
- ❒ جونئر سال کالج کی تیاری کا سب سے اہم سال ہے
- ❒ 90% یا اس سے زیادہ گریڈ پوائنٹ ایورج (GPA) حاصل کرنے کا ہدف قائم کریں
- ❒ جونئر سال میں کم از کم 5 افسانوی / غیرافسانوی کتابیں پڑھنے کو یقینی بنائیں

### ستمبر / اکتوبر

- ❑ اسکول ایک مستحکم آغاز سے شروع کریں
- ❑ PSAT کے لیے رجسٹر ہوں اور امتحان دیں

### نومبر / دسمبر

- ❑ PSAT کے نتائج دستیاب ہیں
- ❑ کالجوں کی ایک ابتدائی فہرست کی تحقیق شروع کریں
- ❑ جنوری SAT کے لیے رجسٹر ہوں اگر آپ خزاں SAT اختیاری میں ہیں

### دسمبر / جنوری

- ❑ SAT تجزیاتی (Reasoning) امتحان، SAT سبجیکٹ امتحان، اور / یا ACT امتحانات کے لیے رجسٹر ہوں
- ❑ کیا آپ سندیافتگی کے مطلوبات کی تکمیل کے مراحل میں ہیں؟

### فروری / مارچ

- ❑ ایک انفرادی والدین / طالب علم مشیر کانفرنس کی درخواست کریں
- ❑ کالج، طرزِ معاش اور وظائف کے بارے میں معلومات کے لیے ویب پر جائیں
- ❒ اپنی دلچسپی کے کالجوں کا دورہ شروع کریں - بہار کی تعطیلات کالج دیکھنے کا بہترین وقت ہے
- ❒ گرمیوں میں مواقع تلاش کرنا شروع کریں
- ❒ اسکول اور اجتمائی سرگرمیوں میں حصہ لینا جاری رکھیں

### اپریل / مئی

- ❒ مناسب SAT/ACT امتحان لیں
- ❒ کالج کے مواد کے لیے ایک فائل نظام بنائیں
- ❒ کالجوں کے بارے میں معلومات کے لیے درخواست کریں

- ❒ دوروں اور / یا انٹرویو کے لیے وقت طے کریں اور کالجوں کے دورے کریں

**جون**

- ❒ SAT/ACT امتحان لیں
- ❒ اساتذہ کے تعریفی خطوط کی گزارش کریں
- ❒ اسکول میں فائنل امتحان اور ریجنٹس امتحانات لیں
- ❒ اپنی طالبانہ ریزیومے کو حتمی شکل دیں
- ❒ اپنی کالجوں کی فہرست کو حتمی شکل دیں

**جولائی / اگست**

- ❏ گرمیوں کے دوران کوئی سودمند کام کریں جس کے متعلق آپ مضامین اور انٹرویو میں بات کرسکیں
- ❏ کالجوں کے دورے کریں
- ❏ کالجوں کے لیے ممکنہ مضامین منظم کرنے شروع کریں

**سینئر سال**

- ❒ اس سال بہت کچھ کرنا ہے! منظم رہنا، آخری تاریخ کی تکمیل اور سوالات پوچھنا یاد رکھیں
- ❒ 95% یا اس سے زیادہ گریڈ پوائنٹ ایورج (GPA) حاصل کرنے کے لیے سخت محنت کریں
- ❒ مطالعہ جاری رکھیں – سینئر سال میں کم از کم 5 افسانوی / غیرافسانوی کتابیں پڑھنے کو یقینی بنائیں

**ستمبر**

- ❏ سندیافتگی کے لیے مطلوب تمام کورسز اور کریڈٹس حاصل کرنے کو یقینی بنائیں
- ❒ SAT تجزیاتی (Reasoning) امتحان، SAT سبجیکٹ امتحان، اور / یا ACT امتحانات کے لیے رجسٹر ہوں
- ❒ اساتذہ، مالکان اور دیگر افراد سے جو آپکو بہتر طور پر جانتے ہیں، تعریفی خطوط کی درخواست کریں
- ❒ کالج کی درخواستیں تیار کریں
- ❒ اگر آپ جلدی فیصلے (early decision) کے لیے درخواست دینے کا فیصلہ کرتے ہیں، اپنی درخواست مشیر کے پاس آخری تاریخ سے دو ہفتے قبل جمع کروائیں
- ❒ اگر آپکا کالج اسکا مطالبہ کرتا ہے CSS PROFILE مالی امداد فارم جمع کروائیں

**اکتوبر**

- ❏ اپنے مشیر کے ساتھ اپنے ہائی اسکول ٹرانسکرپٹ پر نظرثانی کریں
- ❏ کالج کے لیے مضامین مکمل کریں
- ❒ کالجوں کے دورے جاری رکھیں
- ❒ رہنما مشیر کے دفتر میں کالج کے نمائندے کی آمد کا شیڈول دیکھتے رہیں
- ❒ SAT تجزیاتی (Reasoning) امتحان، SAT سبجیکٹ امتحان، اور / یا ACT امتحانات کے لیے رجسٹر ہوں
- ❒ کالج کی درخواستوں پر کام کرتے رہیں - **جلدی فیصلے کی آخری تاریخ پر بروقت عمل کریں**

- ❑ کالجوں کے میلے / اوپن ہاؤس میں شرکت کریں
- ❑ وظائف کے لیے درخواستیں دینا شروع کریں

**نومبر**

- ❑ کالجوں کے انتخاب کو حتمی کریں
- ❑ SAT تجزیاتی (Reasoning) امتحان، SAT سبجیکٹ امتحان، اور / یا ACT امتحانات لیں
- ❑ تھینکس گیونگ پر گھر آنے والے دوستوں سے بات کریں
- ❑ کالج درخواستیں جمع کروائیں - ہر دستاویز جو آپ بھیجیں اسکی کاپی رکھیں
- ❑ SAT تجزیاتی (Reasoning) امتحان، SAT سبجیکٹ امتحان، اور / یا ACT امتحانات کے نتائج کالجوں کو براہِ راست بھیجیں
- ❑ وظائف کی معلومات کو دیکھتے رہیں
- ❑ تعریفی خطوط کی صورتِ حال پر نظر رکھیں

**دسمبر / جنوری**

- ❑ FAFSA (وفاقی مالی امداد فارمز) جنوری میں http://www.fafsa.ed.gov/- پر دستیاب ہونگے- طلبا اور والدین کے ذریعے ابتدائی جنوری میں فائل کیے جانے لازمی ہیں
- ❑ نوٹ: تمام کالجوں میں وسط سال گریڈز درکار ہیں - سینئر سال کی کاہلی (SENIOR SLUMP) سے بچیں
- ❑ کیا آپکی تمام درخواستیں جمع ہوگئی ہیں؟

**فروری / مارچ**

- ❑ جتنی جلد ممکن ہو تمام مناسب فارمز جمع کروائیں
- ❑ کوئی بھی درخواستیں جو ابھی تک جمع نہیں کروائی گئیں انہیں جتنا جلد مکمن ہو مکمل کریں اگر آخری تاریخ باقی ہے
- ❑ اپنے مشیر کو تمام کالج کی قبولیت، مستردی، اور فہرستِ انتظار کی صورتِ حال سے مطلع کریں
- ❑ وظائف کی معلومات کو دیکھتے رہیں

**اپریل / مئی**

- ❑ کالج کے بارے میں حتمی فیصلہ کریں - درکار ابتدائی رقم جمع کروائیں
- ❑ اپنے مشیر کو کالجوں کے تمام فیصلوں سے مطلع کریں - انکو مطلع کریں کہ آپ کس کالج میں جائیں گے
- ❑ اپنے مشیر کو تمام وظائف، گرانٹ اور اعزازات سے مطلع کریں

**جون**

- ❑ اپنے مشیر کے ساتھ ہائی اسکول کے بعد کے منصوبے کی تصدیق کریں
- ❑ سندیافتگی کے تمام مطلوبات کی تکمیل کریں
- ❑ اپنی پسند کے کالج میں اپنی نشست یقینی بنانے کے لیے کالج کی تمام آخری تواریخ کی پابندی کریں
- ❑ **سندیافتگی** - مبارک باد اور نیک تمنائیں